درود شریف کی انتہائی عجیب ومبارک کتاب

البرکات المکیۃ
فی
الصلوات النبویۃ

لإمام المحدثین نجم المفسرین زبدۃ المحققین

العلامۃ الشیخ مولانا

محمد موسی الروحانی البازی

طیب اللہ آثارہ وأعلی درجاتہ فی دار السلام

البركات المكية
في
الصلوات النبوية

حقوق الطباعة محفوظة

الطبعة السابعة و العشرون
١٤٣١هـ - ٢٠١٠م

الناشر

إدارة التّصنيف وَالأدب
جَامِعَة محمّد مُوسى البازى

المكتب المركزى : ١٣/ڈی، بلاك بی، سمن آباد لاهور، باكستان

رقم الهاتف : ٠٤٢-٣٧٥٦٨٤٣٠ رقم الجوّال : ٠٣٠٠٤٤٢٦٤٤٠

www.alqalamfoundation.org
Email :- info@alqalamfoundation.org

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

البركات المكية

في

الصلوات النبوية

لإمام المحدّثين نجم المفسّرين زبدة المحقّقين

العلّامة الشيخ مولانا محمّد موسى الروحاني البازي

رحمه الله تعالى وطيّب آثاره

إدارة التصنيف والأدب

جملہ حقوق محفوظ ہیں



ناشر

إدارۂ تصنیف وأدب

جامعۃ محمد موسیٰ البذای

برہان پورہ، نزد اجتماع گاہ، عقب گورنمنٹ ہائی سکول، رائیونڈ، لاہور

منگوانے کا پتہ ››› مرکزی دفتر: القلم فاؤنڈیشن، 13 ڈی، بلاک بی، سمن آباد، لاہور

موبائل: 0300-4101882 فون: 042-37568-430 فیکس: 042-3753-1155

www.alqalamfoundation.org

Email :- info@alqalamfoundation.org

کتاب البرکاتُ المکیّۃ کا مختصر تعارف

درود شریف کی اس انتہائی مبارک اور عجیب کتاب میں مصنفؒ نے رسول اللہ ﷺ کے آٹھ سو ۸۰۰ سے زائد اَسماء کو احادیث کی مستند کتابوں سے انتہائی تحقیق کے بعد درود شریف کی شکل میں جمع فرمایا ہے۔ اس سے پہلے آج تک کسی کتاب میں نبی کریم ﷺ کے اتنے زیادہ ناموں کو اکٹھا نہیں کیا گیا۔

آپ کے ہاتھوں میں موجود اس کتاب کی ابتداء میں مصنفؒ کے مختصر حالاتِ زندگی عربی اور اردو زبان میں شامل کیے گئے ہیں۔ اس کے بعد اصل کتاب شروع ہوتی ہے۔ اصل کتاب کی ابتداء میں مصنفؒ نے درود شریف کے فضائل، اِس کتاب کی خصوصیات اور پڑھنے کا طریقہ تفصیل سے عربی زبان میں تحریر فرمایا ہے اور عوام الناس کی آسانی کیلئے عربی عبارت کے ساتھ ساتھ اس کا اردو ترجمہ بھی درج کیا ہے۔

درود شریف کا وظیفہ کتاب کے صفحہ نمبر ۱۲۱ سے شروع ہوتا ہے۔

وفات کے بعد مصنفؒ کی قبر مبارک سے بڑے عرصے تک جنتی خوشبو آتی رہی۔ اسی دوران مصنفؒ کے ایک شاگرد نے خواب دیکھا کہ مسجد نبوی میں نبی کریم ﷺ کے روضۂ مبارک کی سنہری جالی کا دروازہ کھلا اور اندر سے مصنفؒ انتہائی خوشی کی حالت میں مسکراتے ہوئے باہر تشریف لائے۔ شاگرد نے آگے بڑھ کر سلام کیا اور عرض کیا کہ استادِ محترم! آپ کی قبر مبارک سے جنت کی خوشبو آ رہی ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ تو حضرت محدث اعظمؒ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ میری کتاب ”برکاتِ مکیہ“ کو بارگاہِ نبوی ﷺ میں شرفِ قبولیت حاصل ہوا ہے اسی لئے میری قبر سے جنتی خوشبو آ رہی ہے۔

بے انتہاء برکات اور حیرت انگیز تاثیر والی یہ کتاب علماء، طلباء اور عوام الناس میں انتہائی مقبول و معروف ہے۔ دنیا بھر میں بیشمار اولیاء اللہ اور عام لوگ

اسے بطور وظیفہ پڑھ رہے ہیں۔ پریشانیوں سے نجات، مشکلات کے حل، قضائے حاجات اور خیر و برکات حاصل کرنے کے لئے یہ کتاب نہایت مفید، مؤثر اور مجرّب ہے۔ البَرَکاتُ المکِّیَّة پڑھنا شروع کیجئے چند دن میں ہی آپ خود اس کی برکات کا مشاہدہ کرلیں گے۔

پڑھنے کا طریقہ

کتاب البَرَکاتُ المکِّیَّة پڑھنے کے تین طریقے ہیں۔

پہلا طریقہ۔ سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ایک منزل پڑھتے ہوئے ہر سات دن میں مذکورہ تمام اسمائے نبویّہ ختم کیا کریں۔ کتاب کے اندر ہر منزل کی نشاندہی کی گئی ہے۔ ان منزلوں کی تفصیل یوں ہے۔

۱ پہلی منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۱۲۱ سے۔
۲ دوسری منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۱۴۲ سے۔
۳ تیسری منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۱۶۲ سے۔
۴ چوتھی منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۱۸۴ سے۔
۵ پانچویں منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۲۰۹ سے۔
۶ چھٹی منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۲۲۹ سے۔
۷ ساتویں منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۲۴۸ سے۔

دوسرا طریقہ۔ روزانہ ایک ثُلث پڑھتے ہوئے ہر تین دن میں مذکورہ تمام اسمائے نبویّہ ختم کیا کریں۔ کتاب کے اندر ہر ثُلث کی نشاندہی کی گئی ہے۔

۱ پہلا ثُلث صفحہ نمبر ۱۲۱ سے۔ ۲ دوسرا ثُلث صفحہ نمبر ۱۶۸ سے۔
۳ تیسرا ثُلث صفحہ نمبر ۲۲۰ سے۔

تیسرا طریقہ۔ اگر فرصت ہو تو مذکورہ تمام اسمائے نبویّہ (صفحہ نمبر ۱۲۱ سے صفحہ نمبر ۲۷۰ تک) روزانہ پڑھا کریں۔

برکاتِ مکیّہ کے فائدے

کتاب برکاتِ مکیہ کے فوائد بے شمار ہیں۔ درود شریف اور اسماء نبویّہ کی برکت سے ہر حاجت پوری ہوگی ان شاء اللہ تعالی۔ چند اہم فوائد یہ ہیں۔ (۱) ہر مشکل آسان ہوگی (۲) لاعلاج بیماری اور ہر مرض سے شفا ہوگی (۳) تجارت و کاروبار میں بہت برکت ہوگی (۴) مقدمہ میں کامیابی ہوگی (۵) سحر اور جادو کا اثر کاروبار، مال اور گھر کے افراد سے زائل ہوگا (۶) جنات کی شرارت سے خلاصی حاصل ہوتی ہے (۷) عقیمہ عورت یا بے اولاد مرد پڑھے تو اولاد حاصل ہوگی (۸) نرینہ اولاد سے محروم شخص پڑھے تو اللہ تعالی کے فضل سے بیٹا پیدا ہوگا (۹) سفر میں کامیابی و سلامتی حاصل ہو کر واپسی بخیر ہوگی (۱۰) ملازمت بسہولت ملے گی (۱۱) سفر یا حضر میں اپنے پاس رکھنے سے ہر شر و آفت سے سلامتی حاصل ہوگی (۱۲) غیر شادی شدہ کی جلد شادی ہوگی اور پیغامِ نکاح قبول ہوگا (۱۳) دلوں کو مسخّر و تابع بنانے کیلئے نہایت مفید و نافع ہے (۱۴) گمشدہ چیز جلد ملے گی باذن اللہ (۱۵) دشمنوں اور اہل بدعت پر غلبہ حاصل ہو کر اُن کا ہر شر دفع ہوگا (۱۶) ملازمت میں ترقی حاصل ہوگی (۱۷) جس گھر میں یہ کتاب موجود ہو تو درود شریف و اسماء نبویّہ کی برکت سے اس گھر کے باشندے بڑے مصائب، حوادث، غم، چوری، ڈاکے اور آگ لگنے سے محفوظ ہوں گے ان شاء اللہ (۱۸) طالبعلم پڑھے تو علم میں برکت و امتحان میں کامیابی ہوگی (۱۹) حج و عمرہ کی نیت سے پڑھے تو اللہ تعالی حج و عمرہ کی توفیق دینگے (۲۰) خواب میں نبی علیہ السلام کی زیارت حاصل ہونے کی زیادہ توقع ہے۔

نوٹ۔ مصنّفؒ کی وفات کے بعد ان کی اولاد سے اجازت لینا تاثیر و برکات میں زیادت و اضافے کا موجب ہے۔

فہرست الموضوعات

الموضوع	الصفحة
مقدمة فی احوال المصنف باللغة العربیّة والاردویّة	٩
خطبةُ الکتاب وبیان بعض فوائد عجیبة لهذا الکتاب ۔	٣٩
الفائدةُ الاولیٰ فی بیان ان اللہ وملٰئکتہ یصلون علی النبی وامرنا بذلك والامر للوجوب وادنی مقتضاہ الندبة۔	٤٨
الفائدةُ الثانیةُ فی حکم الصلاة وبیان انّها فرضٌ فی الجملة فی العمر مرّةً وسنةٌ عند البعض ومستحبّةٌ عند البعض وتفصیلُ ذلك ۔	٤٩
الفائدةُ الثالثةُ فی سرد الاحادیث الواردة فی فضل الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۔	٥١
الفائدةُ الرابعةُ فی بیان اختلاف العلماء فی انّ صلاتنا هل تنفع النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أم لا وتفصیل ذلك۔	٥٨
الفائدةُ الخامسةُ لاینبغی الاقتصار بالصلاة بل یذکر التسلیم ایضًا عند الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ و سلم وهناك ذکر الرُّؤیا لبعض العلماء اَمَرہ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بذلك فی المنام ۔	٥٩
الفائدةُ السادسةُ ینبغی لکل کاتب ان یکتب الصلاةَ والتسلیم عند ذکر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الکتاب ولا یقتصر بالصلاة علیہ بلسانہ وهناك ذکر بعض الآثار فی ذلك ۔	٦٠
الفائدةُ السابعةُ فی بیان اختلاف العلماء فی زیادة لفظ السیّد قبل اسم النبی علیہ السلام فی الصّلاة ۔	٦١
الفائدةُ الثامنةُ اختلف العلماء فی انّ الصلاة هل هی مقبولةٌ لامحالة او هی منقسمة الی المقبولة والمردودة۔	٦٣

الموضوع	الصفحة
الفائدةُ التاسعةُ فی ذکر خمس وعشرین من فوائد الصلاۃ وثمراتها۔	٦٥
الفائدةُ العاشرةُ یجب علیٰ کلّ مؤمن ان یکثر الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یزداد عدد صلواتہ علیٰ عدد ذُنوبہ ویدخل الجنۃَ وھناك ذکر حکایۃٍ نافعۃٍ۔	٧١
الفائدةُ الحادیةُ عشرۃ قد سمّی اللہ تعالی نبیّنا صلی اللہ علیہ وسلم باسماءٍ کثیرۃ فی القرآن اشھرھا محمد و احمد۔	٧٢
الفائدةُ الثانیةُ عشرۃ الاسماء النبویّۃ المرویّۃ فی الاحادیث قلیلۃ ای خمسۃ او سبعۃ۔	٧٣
الفائدةُ الثالثۃ عشرۃ ھٰذہ الرسالۃ مشتملۃ علیٰ طریقۃ جدیدۃ وھی ذکر اسم جدید للنبی علیہ السلام عند کلّ صلاۃ علیہ وھناك بیان الثمرات الست عشرۃ العجیبۃ اللطیفۃ۔	٧٤
الفائدةُ الرابعۃ عشرۃ ھل لھذہ الطریقۃ الجدیدۃ دلیل یخرجھا عن البدعۃ۔	٨٨
الفائدۃ الخامسۃ عشرۃ انتخبتُ الاسماء النبویّۃ المذکورۃ فی ھٰذہ الرسالۃ من کُتُب کبار المحدّثین ولم ازد من عند نفسی اِلّا عِدّۃ اسماء۔	٩٤
الفائدةُ السادسۃُ عشرۃ سلکتُ فیھا مسلك الاحتیاط فرفضتُ ذِکر عِدّۃ اَسماء لاختلاف الائمۃ فیھا او لکونھا مُوھِمۃ سُوءَ الادب۔	٩٨
الفائدةُ السابعۃُ عشرۃ عدد الاسماء فیھا ۔۔۸۰ تقریبًا	

الموضوع	الصفحة
مع كلّ اسم صلاتان وهناك حساب الصّلوات الربّانيّة فى المسجد النبوىّ والمسجد المكىّ -	٩٩
ذكر تنبيهٍ لطيفٍ مشتملٍ على طريق آخر لحساب اجر المصلّى المسلّم باعتبار المسجدين المباركين المسجد النبوىّ و المسجد الحرام المكىّ -	١٠٧
ذكر تنبيهٍ آخر فى حساب الأجور الثلاثة الباقية من الاجور الاربعة الحاصلة للمصلّى المسلّم مطلقًا وبالنظر الى قراءة هذه الصلوات والتسليمات فى المسجدين المباركين وهذا بيان بديع نافع جدًّا -	١١٣
الفائدة الثامنة عشرة فى ذكر أسماء الله تعالى التسعة والتسعين وبيان أقوال العلماء فى المراد من الاحصاء فى قوله مَن احصاها دَخَل الجنّة -	١١٧
بيان انّ المصنّف قسّم الاسماء النبويّة المباركة المذكورة فى هذا الكتاب الى ثلاثة أحزاب اوّلًا ثم الى سبعة احزابٍ ثانيًا تيسيرًا لقراءتها حزبًا حزبًا -	
سردُ الأسماء النبويّة المباركة وذكرها على ترتيب حروف المعجم -	
بدايةُ الحزب الاوّل و الثُلث الاوّل من الاسماء النبويّة المباركة -	١٢١
بدايةُ الحزب الثانى منها -	١٤٢
بدايةُ الحزب الثالث منها -	١٦٢
بدايةُ الثُلث الثانى -	١٦٨
بدايةُ الحزب الرابع منها -	١٨٤

الموضوع	الصفحة
بداية الحزب الخامس منها ـ	٢٠٩
بداية الثُلث الثالث ـ	٢٢٠
بداية الحزب السادس منها ـ	٢٢٩
بداية الحزب السابع منها ـ	٢٤٨
نهاية الحزب السابع والاسماء النبوية المباركة ـ	٢٧٠
نهاية الثُلث الثالث ـ	٢٧٠

تمّت الفهرست

هذه المقدمة تبحث عن حياة العالم العلامة
والبحر الفهامة المحدث الأعظم والمفسّر الأفخم
الفقيه الأفهم الرحلة الحجّة اللغوى الأديب
صاحب التصانيف الكثيرة و التآليف الشهيرة
مستنبط علم الجلالة و مخترعه الشيخ مولانا
محمد موسىٰ الروحانى البازى
و عن آثاره العلمية الخالدة و عن خدماته
الإسلامية . رحمه الله تعالى رحمة واسعة
و طيَّبَ آثارَه .

بسم الله الرحمن الرحيم

هو العلامة الكبير بل الإمام ذو الشان العظيم نادرة الزمان سلطان القلم و البيان كان آية من آيات الله بلا فرية و نادرة من نوادر الدهر بلا مرية .

هَيهاتَ لا يأتِي الزَّمانُ بمثله
إنَّ الزمـانَ بمثلـه لبَخِيل

مكانة الشيخ محمد موسى الروحانى البازى عند الله

كان الشيخ البازى متورّعًا ، تقيًّا ، زاهدًا فى الدنيا ، مجاهدًا فى سبيل الله ، دامغًا للبدعات ، لا يخاف فى الله لومة لائم ، و له كرامات كثيرة لا تحصى لضيق المقام سوف نقتصر على ذكر بعضها فقط لتعلم مدى ما كان لشيخنا الجليل من مكانة عظيمة عند الله تعالى و عند رسول الله ﷺ .

و من كراماته أنه رابع أربعة فى تاريخ الإسلام الذى انبعثت من قبره الرائحة الذكية رائحة الجنة . و ذلك بعد أن تم دفن جثمانه الطاهر خرجت رائحة المسك و العنبر من قبره و انتشرت فى جميع المقبرة . و هذه الرائحة موجودة حتى اليوم و قد مضت سبعة أشهر مذ وفاته . فإذا ذهبت إلى مقبرته الموجودة فى ميانى صاحب بلاهور تشم تلك الرائحة الذكية التى تفوح بالعطر و العنبر تنبعث من ذلك الجسد الطاهر و من هذا الثرى الطيب ثرى شيخنا الجليل الشيخ محمد موسىٰ

الروحانى البازى طيب الله آثاره .

و منها أن شيخنا الوقور رحل إلى الحج مصطحبا أسرته . و بعد الفراغ من مناسك الحج شدّ الرحال مع أسرته إلى المدينة المنوّرة . فلمّا علم شيخ الإسلام قدوة الأنام العالم الربانى الشيخ مولانا سعيد أحمد خان رحمه الله تعالى ورود الشيخ البازى الجليل إلى المدينة المنوّرة فرحّبه ترحيبا حارًّا و استدعاه مع أسرته إلى المأدبة . فلبّى الشيخ البازى المكرم الدعوة و قدم إلى داره مع أسرته حسب الموعد .

و عند ما لاقى الشيخ البازى المحترم الشيخ سعيد أحمد خان المحترم جلس عنده . و حينما رأى رجلٌ من ندماء الشيخ سعيد أحمد خان الشيخَ البازى فقام مسرعا نحو الشيخ البازى المفخم و التزمه و عانقه و قبّله و صافحه و وقّره غاية التوقير .

ثم قال له : يا معالى الشيخ ! التمس من سماحتك بكل أدب واحترام أن تسامحنى . فتعجب الشيخ البازى من حفاوته البالغة وتبجيله إياه وطلبه منه التسامح وقال له : على أىّ شئ أسامحك و لا علاقة لى بك و لا أعرفك . و ما هو السبب ؟

فأجابه الرجل : يا فضيلة الشيخ الجليل ! سامحنى أوّلًا ثم أدلّك على سبب المسامحة . فتبسّم الشيخ البازى طِبق عادته الشريفة و تلطّف فى الإجابة قائلًا بأنى سامحتك .

ففرح الرجل غاية الفرح و برقت أسارير وجهه و قال : يا شيخ ! الآن أذكر لك السبب . و هو أنى أتمتع بفضل الله و كرمه بالسكنى فى رحاب الطِّيبة الطيّبة المدينة المنوّرة زادها

الله تعالى بركة و رحمة و أمنا و هدوءًا . و قد أخبرنى بعض الزملاء بمكانتك الرفيعة و شخصيّتك البارزة فى ميادين العلم و التصنيف و التدريس و الدعوة و الإرشاد فصرت مشتاقا جدًّا لرؤيتك و لقائك .

فقبل أسبوع دخلت المسجد النبوى الشريف مع بعض زملائى . فرأك زميلى و بشّرنى قائلًا إن هذا الرجل الجميل هو الشيخ البازى المكرم الذى كنت تشتاق لرؤيته و للقائه . فرأيتك و كنتَ مشغولًا بالنوافل . فلما أمعنت النظر إلى شخصك و رأيت حلتك الشهباء و عمامتك البيضاء الفاخرة . فخطر فى قلبى بعض الخواطر بأن هذا اللباس الثمين لا يليق بالمشائخ الكرام و العلماء العظام . فما أحببت أن أصافحك و ذهبت إلى بيتى .

و فى نفس تلك الليلة رأيت فى النوم أن النبى ﷺ قد جاء عندى و وبّخنى و نبّهنى قائلًا : أظننتَ بموسىٰ هذه الظنون فاخرج من مدينتى .

فاستيقظت مندهشًا و مرتعدًا و اجتهدت للقائك فما نجحت إلّا فى هذا الوقت السعيد . فمن ثم بادرت وطلبت من معاليكم العفو و الصفح عن هذه الظنون و الوساوس السيّئة .

فرحمه الله تعالى رحمة واسعة و أسكنه بحبوحة جنة الفردوس و جزاه عن الإسلام و المسلمين خير الجزاء ما قدم من عطاء ذاخر فى ميدان العلم و المعرفة فى سبيل نصرة هذا الدين و فى سبيل العلم .

مصنفاته العلمية

كان الشيخ البازى رحمه الله تعالى مفرد العصر و نادرة الدهر ، بحرًا فى العلوم و الفنون لا يجارى و لا يماثل ، فصيحًا بليغًا ، شاعرًا ، جامعًا للمنقول والمعقول ، مستنبط علم الجلالة و مخترعه ، نظير نفسه ، فريد الدهر ، من أذكياء العالم . له مؤلفات فريدة كثيرة مقبولة مشتملة على حقائق حقيقة و دقائق دقيقة و لطائف لطيفة و غرائب غريبة و عجائب عجيبة و مسائل فريدة و مباحث جديدة و استنباطات عظيمة ، و أسرار فنية مخفية دالة على مزية فطنته .

العالم العامل و الفاضل الكامل **إمام الحرم الشريف فضيلة الشيخ محمد بن عبد الله السبيل** حفظه الله تعالى دائمًا يمدح الشيخَ البازى فى مجالس علمية .

قَدِم إليه مرّةً وفد علماء الجامعة الأشرفية . فسألهم الإمام عن الشيخ البازى . فتحيّر العلماء بأنه كيف يعرف عالمًا عجميًّا . ثم قال الإمام :

" يأتى إلىّ العلماء والمشائخ من جميع نواح
العالم ولكن ما رأيتُ وما لقيتُ عالما أوسع
علمًا و أدقّ نظرًا من الشيخ البازى " .

وقد تعددت تصانيف شيخنا الفاضل فزادت تصانيفه فى مجال العلم على مائتين كتاب فى علوم مختلفة و فنون شتّى مثل التفسير و الحديث و المنطق و الفلسفة و الهيئة القديمة و الحديثة و علم المرايا و علم الأبعاد والصرف والنحو والبلاغة و

سائر العلوم العربية و علم التاريخ و غير ذلك .

والحقيقة التى لايختلف عليها اثنان أن شيخنا الجليل ما ترك فنًّا من الفنون ولا علمًا من العلوم إلّا و ألّف فيه كتابًا أو رسالة ما يحيّر الألباب . وهذا لا يتوفر لأىّ عالم من العلماء فى هذا العصر رحم الله شيخنا الفاضل .

وفاته

و بعد صراع مع المرض رحل أوحد أهل زمانه و فرد أوانه الشيخ الجليل فى صلاة عصر الاثنين عن عالمنا . فلقى ربه بنفس آمنة مطمئنة فى السابع والعشرين من جمادى الثانية سنة ١٤١٩ هجرية الموافق التاسع عشر من أكتوبر سنة ١٩٩٨ ميلادية وهو ابن ثلاث و ستين سنة " يا أيتها النفس المطمئنة ارجعى إلى ربك راضية مرضية فادخلى فى عبادى و ادخلى جنتى " . صدق الله العظيم . و يقول رسول الله ﷺ : إذا مات ابن آدم انقطع عمله إلّا من ثلاث صدقة جارية أو ولد صالح يدعو له أو علم ينتفع به .

أبناؤه

و من سعادات الشيخ البازى رحمه الله تعالى ان له أبناءً اربعة كل واحد منهم عالم فاضل بعلوم قديمة و عصرية داخلية و خارجية بتوفيق الله عز و جل . و بأدعية الوالد المشفق و بتوجهه التام و تعليمه و تربيته كل واحد منهم أنموذج له و مصداق لكلمات النبوة على صاحبها ألوف التحية من أنه إذا مات ابن آدم انقطع عمله إلا من ثلاث صدقة

جارية أو ولد صالح يدعو له أو علم ينتفع به . فكأنّ المرحوم يقول على لسان الحال :

تلك آثارنا تدل علينا
فانظروا بعدنا إلى الآثار

و صحّ ما قيل : إن الولد سرّ لأبيه و كل إناء يترشح بما فيه .

فالأكبر منهم الشيخ محمد زبير الروحانى البازى خريج الجامعة الأشرفية بلاهور و فاضلُها ذهب إلى السعودية وكمّل تعليمه فى مكة المكرمة بجامعة أمّ القرى و عاد إلى الوطن فناب مناب الوالد الفقيد بالجامعة الأشرفية . و الثانى منهم محمد عزير الروحانى البازى خريج الجامعة الأشرفية بلاهور . كان يدرس بالجامعة الأشرفية بعد فراغه من دروس الحديث للطلبة الواردين من اوروبّا وغيرها باللغة الانكليسية . ثم رحل إلى أمريكا لإعداد رسالة الدكتوراه (بى ، ايچ ، دى) . وفّقه الله لتحصيلها و تكميلها .

و الثالث منهم محمد زهير الروحانى البازى و الرابع عبدالرحمن الروحانى البازى و كلاهما فى مرحلة الاستفادة العلمية فى رحاب الجامعة الأشرفية . وفق الله الجميع لما يحب و يرضى .

و الله أسأل أن ينفعنا بعلوم شيخنا الجليل و أن يجعل علومه من الصدقات الجاريات و الباقيات الصالحات لنا و للأجيال القادمة .

مصنفِ کتابِ ہذا

شیخ الحدیث والتفسیر

حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی

رحمہ اللہ تعالیٰ وطیب آثارہ

کے بارے میں چند مختصر کلمات

اوران کی زندگی کے مختصر حالات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلّی علی رسولہ الکریم

أمّا بعد !

هيهاتَ لايأتى الزمانُ بمثله

إنَّ الزمانَ بمثله لبخيل

ترجمہ ”یہ بات بڑی بعید ہے، زمانہ ان جیسی شخصیت نہیں لائے گا۔
بیشک ایسی شخصیات کے لانے میں زمانہ بڑا بخیل ہے“۔

محدث اعظم، مفسر کبیر، فقیہ افہم، مصنف افخم، جامع المعقول والمنقول، شیخ المشائخ حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی طیب اللہ آثارہ واعلیٰ درجاتہ فی دارالسلام کی شخصیت علمی دنیا میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ اپنے عہد میں دنیا بھر کے ذہین لوگوں میں سے ایک تھے۔ آپ کی علمی مصروفیات قدرت نے آپ کی تسکین کیلئے پیدا کر رکھی تھیں۔

لاریب ! ان کی شخصیت سدا یادگار رہے گی۔ اس وقت ان کی موت سے چمنستانِ اسلام اجڑ گیا ہے، علماء یتیم ہو گئے ہیں اور اہل اسلام ان کے علم وفقہ سے محروم ہو گئے ہیں۔ ان کی باتیں بے شمار ہیں، ان کے سنانے والے بھی بے شمار

ہیں۔ان کی زندگی کے مختلف گوشے لوگوں کے سامنے ہیں اور زندگی ایک کھلی ہوئی کتاب کی مانند ہے۔

کچھ قمریوں کو یاد ہے کچھ بلبلوں کو حفظ
عالم میں ٹکڑے ٹکڑے میری داستاں کے ہیں

اللہ تعالیٰ کے دربارِ جلال و جمال میں حضرت محدث اعظمؒ کا مقام

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کو عنداللہ جو مقام و مرتبہ حاصل تھا اور اس سلسلے میں آپ کو جن کرامتوں اور خصائص سے اللہ تعالیٰ نے نوازا اس پر ایک ضخیم کتاب لکھی جاسکتی ہے۔ذیل میں اختصاراً ایک دو واقعات ذکر کئے جارہے ہیں۔

(۱) حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کی قبر مبارک سے جنّت کی خوشبو کا پھوٹنا

تدفین کے بعد شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ کی قبر اطہر اور مٹی سے خوشبو آنا شروع ہوگئی جس نے پورے میانی قبرستان کو معطر کردیا۔دُور دُور تک فضا انتہائی تیز خوشبو سے مہکنے لگی اور یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح ہر طرف پھیل گئی۔لوگوں کا ایک ہجوم تھا جو اس ولی اللہ کی قبر پر حاضری دینے کیلئے اُمڈ پڑا، ملک کے کونے کونے سے لوگ پہنچنے لگے اور تبرکاً مٹی اٹھا اٹھا کر لے جانے لگے۔قبر مبارک پر مٹی کم ہونے لگتی تو اور مٹی ڈال دی جاتی۔چند ہی منٹوں میں وہ مٹی بھی اسی طرح خوشبو سے مہکنے لگتی۔قبر کے پاس چند منٹ گزارنے والے شخص کا لباس بھی جنتی خوشبو سے معطر ہوجاتا اور کئی کئی دن تک اس لباس سے خوشبو آتی۔

یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے۔عالم اسلام کی چودہ صدیوں میں صحابہؓ کے دور کے بعد حضرت شیخؒ تیسری شخصیت ہیں جن کی مرقد اطہر سے جنت کی خوشبو

جاری ہوئی جوالحمدللہ سات ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ابھی تک جاری ہے۔ حضرت شیخؒ اللہ تعالیٰ کے کتنے برگزیدہ اور محبوب بندے تھے انکی اس عظیم کرامت نے اس بات کی تصدیق کردی۔ یہ عظیم الشان کرامت جہاں حضرت محدثِ اعظمؒ کی ولایتِ کاملہ کی واضح دلیل ہے وہاں مسلک دیوبند کیلئے بھی قابل صدفخر بات ہے۔

(۲) رسول اللہ ﷺ کی حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ سے محبت

اس زمین پر عرشِ بریں کے آخری نمائندہ رحمۃ للعالمین ﷺ سے حضرت محدث اعظمؒ کی محبت وعقیدت عشق کی آخری دہلیز پر تھی۔ درسِ حدیث میں یا گھر میں نبی کریم ﷺ یا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ذکر فرماتے تو رقّت طاری ہوجاتی، آنکھیں پُرنم ہوجاتیں اور آواز حلق میں اٹک جاتی۔

ایک مرتبہ حضرت شیخؒ بمعہ اہل وعیال حج کیلئے حرمین شریفین تشریف لے گئے۔ حج کے بعد چند روز مدینہ منورہ میں قیام فرمایا۔ مولانا سعید احمد خانؒ (جو کہ تبلیغی جماعت کے بڑے بزرگوں میں سے تھے) کو جب آپ کی آمد کی اطلاع ہوئی تو آپ کی بمعہ اہل خانہ اپنی مدینہ منورہ والی رہائشگاہ پر دعوت کی۔ دعوت کے دوران والد محترمؒ، مولانا سعید احمد خانؒ کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ ایک شخص (جو کہ مدینہ منورہ ہی کا رہائشی تھا) آیا، اس نے جب محدثِ اعظم شیخ الشیوخ مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ کو اس مجلس میں تشریف فرما دیکھا تو انہیں سلام کرکے مؤدبانہ انداز میں ان کے قریب بیٹھ گیا اور عرض کیا کہ حضرت میں آپ سے معافی مانگنے کیلئے حاضر ہوا ہوں، آپ مجھے معاف فرمادیں۔ والد ماجدؒ نے فرمایا بھائی کیا ہوا؟

میں تو آپ کو جانتا ہی نہیں ، نہ کبھی آپ سے ملاقات ہوئی ہے۔تو کس بات پر معاف کروں؟ وہ شخص پھر کہنے لگا کہ بس حضرت آپ مجھے معاف کردیں۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ کوئی وجہ بتلاؤ تو سہی؟ وہ شخص کہنے لگا کہ جب تک آپ معاف نہیں فرمائیں گے میں بتلا نہیں سکتا۔تو اپنے مخصوص لب ولہجہ میں والد صاحبؒ نے فرمایا اچھا بھئی معاف کیا، اب بتلاؤ کیا بات ہے؟ وہ کہنے لگا حضرت میری رہائش مدینہ منورہ میں ہی ہے۔میں اپنے رفقاء اور ساتھیوں سے اکثر آپ کا نام اور آپ کے علم وفضل کے واقعات سنتا رہتا تھا چنانچہ میرے دل میں آپ کی زیارت وملاقات کا شوق پیدا ہوا اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ تمنا بڑھتی گئی مگر کبھی زیارت کا شرف حاصل نہ ہوسکا۔

اتفاق سے چند دن قبل آپ مسجد نبوی میں نوافل میں مشغول تھے کہ میرے ایک ساتھی نے مجھے اشارے سے بتلایا کہ یہ ہیں مولانا محمد موسیٰ صاحب جن کے بارے میں تم اکثر پوچھتے رہتے ہو۔میں نے چونکہ اس سے پہلے آپ کو دیکھا نہیں تھا اس لئے میرے ذہن میں آپ کے بارے میں ایک تصور قائم تھا کہ پھٹا پرانا لباس ہوگا، دنیا کا کچھ پتہ نہیں ہوگا تو جب میں نے نوافل پڑھتے ہوئے آپ کا حلیہ اور وجاہت دیکھی (حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کا لباس سادہ سا ہوتا، سفید لمبا جبّہ پہنتے، شلوار ٹخنوں سے بالشت بھر اونچی ہوتی، سر پر سفید پگڑی باندھتے اور پگڑی کے اوپر عربی انداز میں سفید رومال ڈال لیتے مگر آپ کو اللہ تعالیٰ نے علمی جلال کے ساتھ ساتھ ظاہری جمال اور رعب بھی بے انتہاء بخشا تھا، نیز نسبتاً دراز قامت بھی تھے اس لئے اس سادہ سے لباس میں بھی آپ کی وجاہت

و شان کسی بادشاہِ وقت سے کم معلوم نہ ہوتی اور آپ کو نہ جاننے والے بھی آپ کی شخصیت سے انتہائی مرعوب ہو کر ادب سے ایک طرف ہو جاتے۔) تو میرے ذہن میں جو پھٹے پرانے لباس کا تصور تھا وہ ٹوٹ گیا اور میرے دل میں آپ کے بارے میں کچھ بدگمانی پیدا ہو گئی چنانچہ میں آپ سے ملے بغیر ہی واپس لوٹ گیا۔

اسی رات کو خواب میں مجھے نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوئی کیا دیکھتا ہوں کہ نبی کریم ﷺ انتہائی غصے میں ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! مجھ سے ایسی کیا غلطی ہو گئی کہ آپ ناراض دکھائی دے رہے ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا

"تم میرے موسیٰ کے بارے میں بدگمانی کرتے ہو،
فوراً میرے مدینے سے نکل جاؤ"۔

میں خوف سے کانپ گیا، فوراً معافی چاہی، فرمایا

"جب تک ہمارا موسیٰ معاف نہیں کرے گا میں بھی
معاف نہیں کروں گا"۔

یہ خواب دیکھنے کے بعد میں بیدار ہو گیا اور اس دن سے میں مسلسل آپ کو تلاش کر رہا ہوں مگر آپ کی جائے قیام کا پتہ نہیں لگا سکا۔ آج آپ سے یہاں اتفاقاً ملاقات ہو گئی تو معافی مانگنے کیلئے حاضر ہو گیا ہوں۔ حضرت شیخؒ نے جب یہ واقعہ سنا تو پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے۔

مختصر حالات زندگی

محدث اعظم، مصنف افخم، شیخ الحدیث والتفسیر مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ

ڈیرہ اسماعیل خان کے مضافات میں واقع ایک گاؤں کٹہ خیل میں مولوی شیر محمدؒ کے ہاں پیدا ہوئے۔ آپ کے والدِ محترم عالم و عارف اور زاہد و سخی انسان تھے، انکی سخاوت کے قصے گاؤں کے لوگوں میں زبان زدعام ہیں۔ آپ کے والدِ محترم مولوی شیر محمدؒ کی وفات ایک طویل مرض، پیٹ اور معدہ میں پانی جمع ہونے، کیوجہ سے ہوئی۔ حضرت شیخ کی عمر اس وقت پانچ سال یا اس سے بھی کم تھی۔ والد محترم کے انتقال کے بعد آپ کی پرورش آپ کی والدہ محترمہ نے کی جو کہ بہت ہی صالحہ، صائمہ اور قائمہ للہ تعالیٰ خاتون تھیں۔ آپ نے والدہ محترمہ کی نگرانی ہی میں دینی تعلیم حاصل کی، یہی آپ کے والدِ محترم کی وصیت بھی تھی۔ والد محترم مولوی شیر محمدؒ کی وفات کے بعد آپ قبر پر زیارت کیلئے حاضر ہوتے تو قبر میں سے قرآن حکیم کی تلاوت کی آواز سنائی دیتی خصوصاً "سورۃ المُلک" کی تلاوت کی آواز آتی۔ حدیث شریف میں سورۂ ملک کے بارے میں آیا ہے کہ یہ سورت اپنے پڑھنے والے کیلئے شفاعت کا باعث بنتی ہے۔

یہ ان کی عجیب وغریب کرامت تھی جسے والد ماجد محدثِ اعظم مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ نے اپنی تصنیف شدہ کتاب "اَثمارُ التَّکمِیل" (یہ حضرت شیخ کی تصنیف کردہ بیضاوی شریف کی شرح "اَزْھارُ التَّسْہِیل" کا دوجلدوں پر مشتمل مقدمہ ہے، اصل کتاب تقریباً پچاس جلدوں پر مشتمل ہے) میں بھی تفصیلاً ذکر فرمایا ہے۔ حضرت شیخ کے جدامجد "احمد روحانی" بھی بہت بڑے عالم اور صاحب فضل وکمال انسان تھے۔ افغانستان میں غزنی کے پہاڑوں کے مضافات میں ان کا مزار اب بھی مرجع عوام وخواص ہے۔

حضرت شیخ محدثِ اعظم مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ نے ابتدائی کتبِ فقہ اور فارسی کی تمام کتابیں مثلاً پنج گنج، گلستان، بوستان وغیرہ گاؤں کے علماء سے پڑھیں، اس دوران گھر کے کاموں میں والدہ محترمہ کا ہاتھ بھی بٹاتے۔ گاؤں میں بارش کے علاوہ پانی کے حصول کا اور کوئی ذریعہ نہ تھا آپ بعض اوقات پانی لانے کیلئے تین تین میل کا سفر کرتے۔

گاؤں میں کتابیں پڑھنے کے بعد آپ بعض علماء کے حکم پر تحصیلِ علم کیلئے تقریباً گیارہ سال کی کم عمری میں عیسیٰ خیل چلے گئے۔ تحصیلِ علم کیلئے یہ آپ کا پہلا سفر تھا۔ یہاں پر چند ماہ میں ہی آپ نے علم الصرف کی کئی کتابیں زبانی یاد کرلیں۔

اس کے بعد اباخیل ضلع بنوں تشریف لے گئے اور دو سال میں علم الصرف کی تمام کتب فصول اکبری تک اور نحو کی کتابیں کافیہ تک اور منطق کی ابتدائی کتب مولانا مفتی محمودؒ اور خلیفہ جان محمدؒ کی زیرِ نگرانی ازبر کیں۔

اس کے بعد مفتی محمودؒ کے ہمراہ عبدالخیل آ گئے اور یہاں پر دو سال میں ان سے شرح جامی، مختصر المعانی، سلم العلوم تک منطق کی کتابیں، مقامات حریری، اصول الشاشی، میبذی شرح ہدایۃ الحکمۃ، شرح وقایہ اور تجوید و قرأت کی بعض کتب پڑھیں۔

مزید علمی پیاس بجھانے کیلئے آپ اکوڑہ خٹک دارالعلوم حقانیہ تشریف لے گئے۔ یہاں آپ نے تقریباً دو سال قیام کیا جس دوران آپ نے منطق کی تمام کتابیں ماسوائے قاضی مبارک اور فلسفہ کی تمام کتب، علم میراث، اصولِ فقہ

اور ادب عربی کی کتب پڑھیں۔ سالانہ چھٹیوں کے دوران مولانا غلام اللہ خانؒ کے دورۂ تفسیر میں شرکت کیلئے راولپنڈی آ گئے۔ اس کے بعد مدرسہ قاسم العلوم ملتان میں داخلے کیلئے تشریف لے گئے۔ قاسم العلوم میں داخلے کا امتحان صدرا، حمد اللہ اور خیالی جیسی مشکل کتابوں میں زبانی دیا۔ ممتحن نے حیران ہو کر قاسم العلوم کے صدر مدرس مولانا عبد الخالقؒ کو بتلایا کہ ایک پٹھان لڑکا آیا ہے جسے سب کتابیں زبانی یاد ہیں۔ یہاں آپ تقریباً تین سال تک حصولِ علم میں مشغول رہے اور فقہ، حدیث، تفسیر، منطق، فلسفہ، اصول اور علم تجوید و قراءاتِ سبعہ کی تعلیم حاصل کی۔

حضرت شیخؒ کو اللہ جل شانہ نے بے انتہاء قوتِ حافظہ اور سریع الفہم ذہن عطا کیا تھا۔ زمانۂ طالب علمی میں ہی آپ اپنے تمام ہم جماعتوں پر فائق رہے۔ آپ کے اساتذہ آپ کی شدتِ ذکاوت، قوتِ حافظہ اور وسعتِ مطالعہ پر حیرت و استعجاب کا اظہار کرتے۔ آپ کسی بھی کتاب کی مشکل سے مشکل عبارت اور فنی پیچیدگی کو، جس کے حل سے اساتذہ بھی عاجز آ جاتے، ایسے انداز میں حل فرماتے اور فی البدیہہ ایسی تقریر فرماتے کہ یوں محسوس ہوتا جیسے اس مقام پر کوئی اشکال تھا ہی نہیں۔

تدریس سے وابستہ ہونے کے بعد تمام کتبِ فنون عقلیہ و نقلیہ کے دروس میں آپ طلباء و علماء کے سامنے اس فن کے ایسے مخفی نکات اور علومِ مستورہ بیان فرماتے کہ سننے والے یہ گمان کرنے لگتے کہ شاید آپ کی ساری عمر اسی ایک فن کے حصول و تدریس اور استحکام میں گزری ہے۔ تمام فنون میں آپ کے اسباق کی

یہی کیفیت ہوتی اور آپ اس فن کی انتہائی گہرائی میں جا کر لطائف و بدائع کو ظاہر فرماتے۔

حضرت محدثِ اعظم مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ کو جن علوم وفنون میں مکمل دسترس ومہارت حاصل تھی اس کا ذکر وہ خود بطور تحدیثِ نعمت اپنی بعض تصانیف میں ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

”ومما منَّ الله تعالى علىّ التبحّر في العلوم كلها النقلية و العقلية من علم الحديث و علم التفسير و علم الفقه و علم اصول التفسير وعلم اصول الحديث وعلم اصول الفقه و علم العقائد و علم التاريخ و علم الفِرَق المختلفة و علم اللغة العربية و علم الادب العربى المشتمل على اثنى عشر فنًّا وعِلمًا كما صرح به الأدباء و علم الصرف و علم الاشتقاق و علم النحو و علم المعانى وعلم البيان وعلم البديع وعلم قرض الشعر وعلم المنطق و علم الفلسفة الارسطوية اليونانية و الإلٰهيات من الفلسفة اليونانية و علم الطبيعيات من الفلسفة اليونانية و علم السماء و العالم و علم الرياضيات من الفلسفة اليونانية و علم تهذيب الاخلاق و علم السياسة المدنية من الفلسفة وعلم الهندسة أى علم اقليدس اليونانى و علم الابعاد و علم الأكر و علم اللغة الفارسية والادب الفارسى و علم العروض وعلم القوافي و علم الهيئة أى علم الفلك البطليموسى اليونانى وعلم التجويد للقرآن

و علم ترتیل القرآن و علم القراءات "۔

آپ دوران درس خارجی قصے سنانا پسند نہیں فرماتے تھے مگر اس کے باوجود مشکل سے مشکل کتاب کا درس بھی جب شروع فرماتے تو مغلق و پیچیدہ عبارات و مقامات حل ہوتے چلے جاتے اور سننے والوں پر ایسی کیفیت طاری ہوتی کہ جی چاہتا کہ درس جاری رہے کبھی ختم نہ ہو۔ یوں معلوم ہوتا جیسے حضرت شیخؒ کے علم نے طلباء پر سحر کر کے انہیں مدہوش کر دیا ہے اور انہیں وقت گزرنے کا احساس ہی نہیں۔ درس جس قدر بھی طویل ہوتا چلا جاتا طلباء پہلے سے زیادہ ہشاش بشاش و تازہ دم نظر آتے اور ایسا لگتا جیسے آپ نے ان میں ایک علمی قوت بھر دی ہو۔

سب سے زیادہ شہرت آپ کے درسِ ترمذی اور درسِ تفسیر بیضاوی کو حاصل ہوئی۔ دُور دراز سے طلباء و علماء آپ کے درس میں شرکت کی سعادت حاصل کرنے کیلئے کھچے چلے آتے۔ آپ کا درسِ حدیث بعض اوقات پانچ چھ گھنٹوں تک مسلسل جاری رہتا۔ شدید سے شدید بیماری میں بھی، جبکہ حضرت شیخؒ کیلئے بیٹھنا بھی مشکل ہوتا، یہی صورتِ حال رہتی اور بیماری کے باوجود کئی کئی گھنٹوں کی تقریر کے بعد بھی آپ پر تھکن کے آثار دکھائی نہ دیتے۔ طلبہ سے فرماتے

"بھئی یہ سب علم حدیث کی برکات ہیں"۔

خاص طور پر آپ کا درسِ ترمذی پورے پاکستان بلکہ پوری دنیا میں اپنی مثال آپ تھا جس میں آپ جامع ترمذی کی ابتداء سے لیکر انتہاء تک ہر ہر حدیث کا ترجمہ کرتے، مشکل الفاظ کی صرفی و نحوی تحقیق کرتے، مآخذ بتلاتے،

محاوراتِ عرب کی تفاصیل سے مطلع فرماتے اور تمام مسائل پر انتہائی مفصل و سیر حاصل بحث بھی فرماتے۔ مسائل میں عام طریقۂ کار کے مطابق دو یا چار مشہور مذاہب کے بیان پر اکتفاء نہ فرماتے بلکہ اکثر مسائل میں آپ سات سات یا آٹھ آٹھ مذاہب بیان فرماتے، ہر مذہب کی تمام اَدِلّہ ذکر کرتے اور پھر ہر دلیل کے کئی کئی جوابات احناف کی طرف سے دیتے۔ بعض اوقات کسی فریقِ مخالف کی ایک ہی دلیل کے جوابات کی تعداد پندرہ بیس سے بھی بڑھ جاتی۔

آپ کے درس کی سب سے خاص بات "قالَ" کے ساتھ "اَقُوْلُ" کا ذکر تھا یعنی "میں اس مسئلے میں یوں کہتا ہوں"۔ حضرت شیخؒ کو اللہ تعالی نے استخراجِ جوابِ جدید کا بڑا ملکہ عطا فرمایا تھا۔ آپ اکثر مسائل و مباحث میں اپنی جانب سے دلائلِ جدیدہ و توجیہاتِ جدیدہ ذکر فرماتے اور وہی جوابات و توجیہات سب سے زیادہ تسلی بخش ہوتیں۔ بعض اوقات ایک ہی مسئلے میں صرف آپ کی اپنی توجیہات و جوابات کی تعداد اس مسئلے میں اسلاف سے مروی مجموعی توجیہات سے بڑھ جاتی اور ساتھ ساتھ یہ فرماتے۔

> "مولانا! یہ میری اپنی توجیہات و اَدِلّہ ہیں اس مسئلہ میں، روئے زمین کی کسی کتاب میں آپ کو نہیں ملیں گی۔ بڑی دعاؤں و آہ و زاری اور بہت راتیں جاگنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے میرے ذہن میں ان کا القاء و الہام کیا ہے"۔

اس جلالتِ علمی کے باوجود عاجزی کا یہ عالم تھا کہ اپنے جوابات و توجیہات کی نسبت اپنی طرف کرنے کی بجائے اللہ تعالیٰ کی جانب فرماتے تھے کہ بندہ کچھ

بھی نہیں وہی ذات سب کچھ ہے۔ یہ عاجزی وانکساری ان کی سینکڑوں تصنیف شدہ کتابوں میں بھی نظر آتی ہے۔ مصنّفین حضرات عام طور پر اپنی تصنیفات پر اپنے نام کے ساتھ مختلف القاب بھی لگاتے ہیں مگر حضرت شیخؒ نے اپنی ہر تصنیف شدہ کتاب پر عاجزی وانکساری کی راہ اپناتے ہوئے اپنے نام کے ساتھ ہمیشہ عبدِ فقیر یا عبدِ ضعیف (کمزور بندہ) لکھا جو اُن کی انکساری کی واضح مثال ہے۔ عجز وانکساری کا ساتھ حالتِ نزع میں بھی نہ چھوڑا اور ایسی حالت میں بھی زبان ادب کا دامن پکڑے انکساری وعاجزی کا اظہار کرتے ہوئے اس ذات وحدہ لاشریک کو اس انداز میں پکارتی رہی۔

" إلٰهی أنا عبدك الضعيف " .

یعنی "یا اللہ! میں تیرا کمزور بندہ ہوں"۔

حضرت محدث اعظمؒ کے اوقات میں اللہ جل جلالہٗ نے بہت زیادہ برکت رکھی تھی۔ آپ قلیل سے وقت میں کئی گنا زیادہ کام کر لیتے جس کا اندازہ آپ حضرت شیخؒ کے درسِ ترمذی سے لگا سکتے ہیں کہ ترمذی کی ہر حدیث کا ترجمہ بھی ہو تمام مشکل الفاظ کی صرفی ونحوی تحقیقات وماٰخذ کی توضیح بھی ہو پھر تمام مسائل پر اتنی مفصل بحث ہو جیسا کہ ابھی بیان ہوا اور ان سب پر مستزاد یہ کہ آپ سب طلباء سے کاپیاں بھی لکھواتے، چنانچہ مسلسل تقریر کرنے کی بجائے ٹھہر ٹھہر کر املاء کے انداز میں طلباء کو مسائل لکھواتے جس دوران آپ ہر جملے کو کم از کم دو یا تین مرتبہ ضرور دہراتے مگر ان سب باتوں کے باوجود وقت میں اتنی برکت ہوتی کہ جامع ترمذی سالانہ امتحانات سے قبل ہی اطمینان وتسلی سے ختم ہو جاتی اور اس کے ساتھ

ساتھ ہر طالبعلم کے پاس آپ کی مکمل درسی تقریر بھی مستقبل کیلئے محفوظ ہو جاتی۔

آپ کی زندگی میں ہی آپ کے علمی تفوّق کا اقرار بڑے بڑے علماء کرتے تھے۔ امام کعبہ شیخ معظم محمد بن عبداللہ السبیل مدظلہ ایک مرتبہ علماء کرام کی مجلس میں فرمانے لگے۔

"میں اس وقت دنیا کے مرکز (مکہ مکرمہ) میں بیٹھا ہوں۔ دنیا بھر کے علماء میرے پاس تشریف لاتے ہیں مگر میں نے آج تک شیخ روحانی بازی جیسا محقق و مدقّق عالم نہیں دیکھا"۔

تصنیف و تالیف کیساتھ ساتھ وعظ و تبلیغ و ارشاد کے میدان میں بھی اللہ جل شانہ نے آپ سے بہت کام لیا، اس سلسلے میں آپ خود اپنی تصانیف میں لکھتے ہیں۔

" والله تعالى بفضله و منّه وفّقني للعمل بجميع انواع الدعوة و الارشاد و الحمدلله و المنّة .

فقد اسلم بارشادى و جهدى المسلسل في ذلك اكثر من الفى نفر من الكفار و بايعوا على يدى وآمنوا بان الاسلام حق و شهدوا ان الله تعالى واحد لا شريك له و دخلوا في دين الله فرادى و فوجًا .

حتي رأيت في بعض الاحيان أسرة كافرة مشتملة على عشرة اشخاص فصاعدًا أسلموا و بايعوا للاسلام على يدى بارشادى في وقت واحد وساعة واحدة والحمدلله ثم الحمدلله .

و في الحديث لان يهدى الله بك رجلا واحدًا خير لك مما تطلع عليه الشمس و تغرب .

خصوصاً اسلم بارشادى و تبليغى نحو خمسين نفرًا من الفرقة الكافرة الملحدة القاديانيـة اصحاب المتنبي الكـذاب الدجال مرزا غلام احمد .

و اسلم غير واحد من الفرقة الكافرة طائفة الذكريين بارشادى ونصحى وبما بذلت مجهودى وقاسيت المشقة الكبيرة في الارشاد و التبليغ .

والفرقة الذكرية فرقة في بلادنا لايؤمنون بكون القرآن كتاب الله تعالى ولا يحجون الى كعبة الله المباركة بل بنوا بيتًا في ديار مكـران من ديار باكستان يحجون اليه و لهم عقائد زائغة .

و اما ارشادى المسلمين العصاة التاركين لأداء الزكاة و الصلوات والصوم وغيرها فله نتائج طيبة واحسن . ولله الحمد والفضل و منه التوفيق فقد تاب آلاف من المجرمين المجاهرين بالفسق من الرجال و النساء واصبحوا من مقيمى الصلوات و توجهوا الى اداء الزكوة و الصوم و الاعمال الصالحة .

و تبدلت حياتهم و انقلبت احوالهم . ولا احصى عدد هٰؤلاء التائبين لكثرتهم " .

دین اسلام کی سربلندی کیلئے آپ نے منکرین حدیث، اہل بدعت، روافض، قادیانیوں اور یہود و نصاریٰ سے کئی عظیم الشان مناظرے بھی کیے اور عالم اسلام کا سر فخر سے بلند کیا۔

ابتدائی حالات کا مشاہدہ کیجئے تو بظاہر اسباب کوئی شخص نہیں کہہ سکتا تھا کہ اس نونہال کا سایہ ایک عالم پر محیط ہوگا۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ مشیت الٰہی حفظِ دین اور پاسبانیٔ ملت کا انتظام، ظاہری اسباب سے بالاتر کرتی ہے اور لطفِ الٰہی خود ایسے افراد کا انتخاب کرتا ہے جن سے دین حنیف کی خدمت کا کام لیا جائے۔

وفات

بروز سوموار ۲۷ جمادی الثانیہ ۱۴۱۹ھ مطابق ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۸ء عصر کی جماعت میں حضرت محدثِ اعظم کو دِل کا شدید دورہ پڑا اور علم و عمل کے اس جبلِ عظیم کو اللہ تعالیٰ نے اس پُرفتن دنیا سے نجات دیتے ہوئے دارِ قرار کی طرف بلا لیا اور اس دنیاوی آزمائش میں آپ کی کامیابی اور اپنی رضا کا اعلان آپ کی قبر سے پھوٹنے والی جنت کی خوشبو کے ذریعہ دنیا میں ہی کر دیا۔

تو خدا ہی کے ہوئے پر تو چمن تیرا ہے
یہ چمن چیز ہے کیا سارا وطن تیرا ہے

حضرت شیخؒ نے تریسٹھ ۶۳ برس عمر پائی۔ آپ ایک عالم باعمل، عارف باللہ، باضمیر اور باکمال انسان تھے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ "مومن وہ ہے جس کو دیکھ کر خدا یاد آ جائے"۔ آپ کی نگاہِ پُرتاثیر سے دلوں کی کائنات بدل جایا کرتی تھی، آپ کی صحبت میں چند لمحے گزارنے سے اسلام کے عہد زرّیں کے

بزرگوں کی صحبتوں کا گمان ہوتا تھا۔ حضرت شیخ میں قرونِ اولیٰ والی سادگی تھی۔ ان کو دیکھ کر قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کی یاد تازہ ہو جاتی تھی۔ آنکھوں میں تدبر کی گہرائیاں، آواز میں سنجیدگی ومتانت کا آہنگ، دری پر گاؤ تکیے کا سہارا لئے حضرت شیخؒ کو معتقدین کے سامنے میں نے اکثر قرآن وحدیث کے اَسرار ورموز کھولتے دیکھا۔

یوں تو موت سنتِ بنی آدم ہے اور اس سے کسی کو مفر نہیں، یہاں جو بھی آیا جانے ہی کیلئے آیا۔ مگر کچھ شخصیات ایسی بھی ہوتی ہیں جن کی موت صرف فردِ واحد کی موت ہی نہیں بلکہ پوری ملت کی موت ہوتی ہے۔

"موتُ العالِمِ موتُ العالَم"

خصوصاً اگر رخصت ہونے والے کا وجود دنیا کیلئے باعثِ رحمت ہو، ان کی ذات سے عالم اسلام کی خدمات وابستہ ہوں تو انکا صدمہ ایک عالم کی بے بسی، بے کسی ومحرومی اور یتیمی کا موجب بن جاتا ہے۔

فروغِ شمع تو باقی رہے گا صبح محشر تک
مگر محفل تو پروانوں سے خالی ہوتی جاتی ہے

حضرت شیخؒ کی رحلت سے ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ محفل اجڑ گئی، ایک باب بند ہو گیا، ایک بزم ویران ہو گئی، ایک عہد ختم ہو گیا، ایک روایت نے دم توڑ دیا، زندگی کو حرکت وعمل دینے والا خود ہی اس دنیا میں جا بسا جہاں سے کوئی واپس نہیں آیا اور جو دار العمل نہیں دار الجزاء کی تمہید ہے۔

باغ باقی ہے باغباں نہ رہا
اپنے پھولوں کا پاسباں نہ رہا

کارواں تو رواں رہیگا مگر

ہائے وہ میر کارواں نہ رہا

ایسے وقت میں جبکہ اسلام ہر طرف سے طرح طرح کے فتنوں میں گھرا ہوا ہے اور ایسی حالت میں جبکہ اہل اسلام کو انکی رہبری کی مزید ضرورت تھی، وہ اپنے بے شمار چاہنے والوں کو روتا دھوتا چھوڑ کر اس ظالم دنیا سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے روٹھ گئے۔

داغِ فراق صحبت شب کی جلی ہوئی

اک شمع رہ گئی تھی سو وہ بھی خموش ہے

سعید بن جبیرؒ حجاج بن یوسف کے "دستِ جفا" سے شہید ہوئے تھے۔ حافظ ابن کثیرؒ نے "البدایہ والنہایہ" میں ان کے بارے میں حضرت میمون بن مہران کا قول نقل کیا ہے "سعید بن جبیرؒ کا انتقال اس وقت ہوا جبکہ روئے زمین پر کوئی شخص ایسا نہیں تھا جو اُن کے علم کا محتاج نہ ہو"۔

نیز امام احمد بن حنبلؒ کا ارشاد ہے "سعید بن جبیرؒ اس وقت شہید ہوئے جبکہ روئے زمین کا کوئی شخص ایسا نہیں تھا جو اُن کے علم کا محتاج نہ ہو"۔

آج صدیوں بعد یہ فقرہ محدثِ اعظم شیخ المشائخ مولانا محمد موسی روحانی بازیؒ پر حرف بحرف صادق آ رہا ہے۔ وہ دنیا سے اس وقت رخصت ہوئے جب اہل اسلام ان کے علم وفقہ کے محتاج تھے، اہل دانش کو انکے فہم وتدبر کی احتیاج تھی اور علماء ان کی قیادت وزعامت کے حاجتمند تھے۔ انکی تنہا ذات سے دین وخیر کے اتنے شعبے چل رہے تھے کہ ایک جماعت بھی اس خلا کو پُر کرنے سے قاصر

رہے گی۔

آپ نے جس طور کُل عالم کی فضاؤں کو علمی و روحانی روشنی سے منور کیا اس کی بدولت اہل حق کے قافلے ہمیشہ منزلوں کا سراغ پاتے رہیں گے۔

زندگانی تھی تری مہتاب سے تابندہ تر
خوب تر تھا صبح کے تارے سے بھی تیرا سفر

عبدِ ضعیف محمد زہیر روحانی بازی عفا اللہ عنہ وعافاہ
ابن شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ
ربیع الاوّل ۱۴۲۰ھ مطابق جون ۱۹۹۹ء

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

البركات المكية


في

الصلوات النبوية

لإمام المحدثين نجم المفسرين زبدة المحققين

العلامة الشيخ مولانا محمد موسى الروحاني البازي

رحمه الله تعالى وطيب آثاره



الحمدُ لِلّٰہ ربِّ العالمین والصّلاۃُ والسلامُ

حمدُ ثنا اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو پالنے والا ہے سارے عالم کا۔ اور صلاۃ وسلام ہو

علیٰ رسولہ محمّدٍ و اٰلِہٖ و اَصحابِہٖ اجمعین۔

اس کے رسول محمد پر اور ان کے سب آل و اصحاب پر۔

امّا بعد۔ فھٰذِہٖ رسالۃٌ مُبارکۃٌ عالیۃٌ و

امّا بعد۔ یہ ایک رسالہ ہے مبارک و عالی مرتبہ

صَحِیفۃٌ یتیمۃٌ سامیۃٌ فی الصّلواتِ و التسلیماتِ

اور صحیفہ ہے بے مثال بلند شان والا نبی علیہ السلام کے

النبویّۃ الشریفۃ علیٰ حسب عَدَدِ الاَسماءِ المحمدِیّۃ

شریف درود وسلام میں ، نبی علیہ السلام کے اسماء عالی شان کی تعداد

المنیفۃ سَمَّیتُھا ” بالبَرکات المکیّۃ فی الصّلواتِ

کے مطابق۔ میں نے اس کا نام رکھا ہے ” البرکات المکیّۃ فی الصّلواتِ

النبویّۃ۔ عَدَدَ الاَسماءِ المحمّدیّۃ۔“ و انّما سمّیتُھا

النبویّۃ عددَ الاسماءِ المحمدیّۃ “ ۔ میں نے اس کا نام

بالبرکات المکیّۃ لکون المشیرِ بجمعہا و تالیفہا والآمرِ
مکّہ کی طرف منسوب کرکے برکاتِ مکّیّہ اس لیے رکھا کہ اس کے جمع و تالیف کا مشورہ دینے
بترتیبہا و تصنیفہا اَحدَ عُلماءِ مکّۃ المبارکۃ و
والے اور اس کی تصنیف کا حکم دینے والے مکہ مکرمہ کے علماء میں سے ایک عالم ہیں۔
ھو العالمُ العظیمُ و الفاضلُ الفخیمُ الذی مَضَت حیاتُہ
اس عالم کبیر و فاضل کی ساری زندگی گزری مسلمانوں اور
فی خدمۃ المسلمین لاسیّما خدمۃ اھل العلم و
بالخصوص اہل علم و صالحین کی خدمت
الصّالحین و عاشَ باذلاً مجھودہ طوالَ المدّین فی
کرنے میں۔ وہ عالم شب و روز کوشاں رہتے تھے
اِکرام ضُیوف رَبِّ الثقلَین القادمین فی الحرمَین
اللہ تعالیٰ کے اُن مہمانوں کے اکرام و تعظیم میں جو حرمین شریفین میں
الشریفَین اَعنِی الشیخ الکریم مولانا محمد مَسعود
آتے ہیں یعنی شیخ کریم مولانا محمد مسعود
شمیمٌ مدیرَ المدرسۃ الصّولتیّۃ مرکزِ الفنون
شمیمؒ جو کہ مدیر و مہتمم ہیں مدرسہ صولتیہ کے جو فنونِ اسلامیہ
الاسلامیّۃِ و دارِ العلوم و المعارفِ الدینیّۃ فی
کا مرکز ہے اور معارفِ دینیہ و علوم دینیہ کا مرجع ہے
مکّۃ المبارکۃ لکن قبل اَن اُقدِّم الی حضرتہ
مکہ مکرمہ میں۔ لیکن (افسوس) قبل اس کے کہ میں ان کی
العَلِیّۃِ ھٰذہ الصحیفۃَ المبارکۃَ السنیّۃ انتقل
خدمتِ عالیہ میں یہ مبارک رسالہ پیش کرتا
الی جوارِ رحمۃ اللہ یوم الاحد السابع و العشرین من
مولانا شمیم وفات پاگئے بروز اتوار بتاریخ ستائیس ۲۷
شعبان سنۃ ١٤١٢ من الھجرۃ النبویّۃ الموافق لاوّل
شعبان سنہ ۱۴۱۲ھ مطابق یکم

مارس سنة ١٩٩٢م جعل الله تعالىٰ قبره روضةً
مارچ سنہ ۱۹۹۲م ۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبر جنّت کا
من رياض الجنّة انه تعالىٰ ذو الفضل و المغفرة و
باغیچہ بنادے اللہ جل جلالہ فضل و مغفرت و
المنّة ۔ أسأل الله تعالىٰ أن يجعل رسالتي هٰذه
احسان والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے سوال ہے کہ وہ میرے اِس رسالہ کو
مقبولةً متداولةً بين المسلمين ومكرّمةً جيبةً
مقبول و مشہور کردے مسلمانوں میں اور اسے محبوب بنادے
الى المصلّين المتّقين و وسيلةً موصلةً الى ذروة
متّقین درود شریف پڑھنے والوں کے نزدیک۔ اور اللہ تعالیٰ بنادے اس رسالے کو بلند سعادتوں
السّعادات و ذريعةً مبلّغة الى زيادة الدرجات
تک اور عالی شان درجات تک پہنچانے کا وسیلہ و ذریعہ۔
انه تعالىٰ بالاجابة جديرٌ وعلىٰ كلّ شئ قديرٌ۔
اللہ تعالیٰ دعاء قبول کرنے والا ہے اور ہر شئے پر قادر ہے۔
أكتب هٰذه الكلمات ضحوةَ يوم الثلاثاء و انا
میں یہ کلمات لکھ رہا ہوں دوپہر سے کچھ قبل بروز منگل ۔ اِس وقت
مقيمٌ فى مكّة المكرّمة مجاورٌ للكعبة المعظّمة
میں مقیم ہوں مکہ مکرمہ میں اور مجاور ہوں کعبہ شریفہ کا۔
كأنّي جالسٌ فى ظلّ بيت الله وظلّ بركات المسجد
گویا کہ میں بیٹھا ہوں بیت اللہ اور مسجد حرام کی برکات کے سایہ
الحرام و تحت غمام رحمة الله الكريم المنعام
میں اور اللہ تعالیٰ کریم اور بڑے انعام والے کی رحمت کے بادل کے نیچے
وذلك فى يوم عيد الفطر السعيد سنة ١٤١٣ھ
بروز عید الفطر سنہ ۱۴۱۳ھ
٢٣ مارس سنة ١٩٩٣م ۔ أشكر الله تعالىٰ و
موافق ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۹۳ء ۔ اللہ تعالیٰ کا شکر و

اَحمدہ علیٰ اَن شَرَّفَنی مع بعض اھل بیتی باداء
حمد کرتا ہوں کہ اس نے مشرف فرمایا مجھے گھر کے بعض افراد سمیت ماہِ
العُمرۃ فی شھر رمضان و بزیارۃ البیتِ العتیقِ
رمضان میں عمرہ ادا کرنے سے اور بیت اللہ شریف
العظیم الشان و اَسألُ اللہ عزَّ و جلَّ سؤالَ متضرِّعٍ
کی زیارت سے۔ اور اللہ تعالیٰ سے عاجزانہ سوال کرتا ہوں
معترفٍ بأنّہ لاحولَ و لاقوّۃَ اِلّا باللہ اَن یَحفظَ
اور معترف ہوں کہ قوّت کا سرچشمہ اللہ تعالیٰ ہے کہ حفاظت فرمائے
سُکّانَ کلِّ بیتٍ کانت فیہ ھٰذہ الصّحیفۃُ
ہر اس گھر کے سُکّان کی جس میں یہ نیک صحیفہ
السعیدۃُ و اَن یُجیرَھم مِن کلّ قَلَقٍ و فَرَقٍ و
موجود ہو۔ اور یہ کہ بچائے انہیں ہر غم و خوف سے
من شرّ ماخلَقَ و مِن اَن یُوھّلھم الاَعداءُ و
اور مخلوق کے ہر شر سے۔ نیز بچائے انہیں اس سے کہ انہیں ڈرائیں دشمن
المفسِدون و الفَسَقُ و مِن اَن یُبتَلوا باصابۃ شیءٍ
مفسدین و فُسّاق۔ اور اس سے کہ ان پر مصیبت آئے
من الحریقِ و الحَرَقِ و من اَن تَنوبَھم محنۃُ الغَصَبِ
آگ جلنے اور آگ لگنے کی۔ اور اس سے کہ انہیں پہنچے آفت غصب
و السَّرَقِ و من اَن تَعرُوھم نُکبۃُ الصَّواعِقِ
اور چوری کی۔ اور اس سے کہ انہیں درپیش ہو جائے آسمانی بجلی اور پانی میں غرق
و الغَرَقِ۔ آمنین مُبتَھجین کأنّھم آلُوا الی حصنٍ
ہونے کی آفت۔ وہ ایسے امن و خوشی میں ہوں گویا کہ وہ ساکن ہیں مضبوط قلعہ
حَصینٍ و رُکنٍ رصینٍ و قَرارٍ مَکینٍ و حِرزٍ
میں۔ قوی رکن ، محفوظ آرام گاہ ، تسلّی بخش
مَتینٍ و مَقامٍ اَمینٍ۔ و أسألُہ جَلَّ جلالُہ اَن
حفاظت اور مقام امن میں۔ اور سوال کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے کہ

يَجعل كلَّ منزلٍ كانَ فيه هذاالكتابُ المبارَكُ
کر دے ہر اس گھر کو جس میں موجود ہو یہ مبارک کتاب

مَحفوفًا بالسَّعادةِ و مكنُوفًا بالسيادة و ملفوفًا
سعادت میں گھرا ہوا، سیادت (سرداری) کے احاطہ میں اور اللہ تعالیٰ کے

بحُسن الارادةِ و أن يُنزِل فيه السعادات الزاخرة
نیک ارادوں میں لپٹا ہوا۔ اور یہ سوال ہے کہ نازل کرے اس منزل میں سعادتیں، زیادہ،

العاطرة الكافية و الخَيرات الهامرة الوافرة الوافية و
معطّر، کافی۔ اور خیرات برسنے والی، کثیرہ، مکمّل۔ اور

البركات الباهرة العامرة و العافية و أسأل الله جلَّ
برکات ظاہر، آباد کرنے والی اور عافیت بھی۔ اور سوال کرتا ہوں اللہ تعالیٰ

مجدُه أن يُؤمِن بالسُّرور و السلامة وبالعِزّ و الفَخامة
سے یہ کہ امن عطا کرے خوشی، سلامتی، عزّت، عظمت،

و بانكشاف ظِلام الظُّلمِ و انقشاع غَمامِ الغَمِّ
ظلم کی تاریکی اور غم کے بادل ہٹنے کی صورت میں

مَن صاحَبَتْه هٰذه الصحيفةُ في الحَضَرِ و السَّفَر
ہر اس شخص کو جس کے پاس ہو یہ صحیفہ حضر و سفر میں

و مَواقع الأهوال و الضَّرر مُطمئِنًّا اطمينان مَن آوَى
اور مَواقع خوف و ضرر میں۔ تا آنکہ وہ کامل طور پر مطمئن ہو جائے

إلى رُكنٍ شديدٍ و عِزٍّ جديدٍ و ظِلٍّ مَديدٍ
اس شخص کی طرح جس نے پناہ لی ہو رکن قوی کی، نیز جدید عزّت، گھنے اور طویل سائے

و معاذٍ وَكيدٍ و أن يَمنَح العافيةَ و الاستقامةَ
اور مستحکم پناہ گاہ کی۔ اور یہ سوال ہے کہ عطا کرے عافیت و استقامت،

و الطمانينةَ و الكرامةَ مَن رافَقَتْه هٰذه
اطمینان و شرافت ہر اس مسلمان کو جس کے پاس ہو یہ

الرسالةُ في أمكِنةِ امتِداد الفِتَن و اشتِداد
رسالہ طویل فتنوں، شدید تکلیفوں کی

المِحَن و مَواطِن الخَوف و أزمات الزَّمَن حتى يَسكن
جگہوں میں اور خوف و مصائبِ زمانہ کے مواقع ہیں۔ تا آنکہ اسے اس شخص

سكونًا و يرتاح ارتياحَ مَن حَلّ بأكرمِ المراحِل و
کی مانند سکون و راحت حاصل ہو جائے جو نازل ہو مقاماتِ شرافت اور

آنَسِ المنازل و تَمَسَّك بأوثق المَلاجِئ و أوفق المَناجِئ
منازلِ اُنس و محبت میں۔ اور معتمد ہو مضبوط پناہ گاہ اور موافق نجات گاہ پر۔

و أسأله تعالىٰ و سُبحانه أن يَعصِمَ تالِي هٰذهِ الأسماء
اور کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کہ بچائے اِن اسماء مبارکہ کے

المباركة مع الصلوات و التسليمات من كُلِّ هَمٍّ
پڑھنے والے کو درود و سلام سمیت ہر غم،

و بلاءٍ و نَصَبٍ و حُزنٍ و آفةٍ و تعَبٍ و أن يُجيبَ
بلاء، سختی، رنج، آفت و محنت سے۔ اور یہ سوال کہ قبول

الله تعالىٰ له كلَّ دعاءٍ مِن كفايةِ المهمّات و
کرے اس کی ہر دعاء مثلاً ہر مشن کی تکمیل،

دفعِ البليّات و قضاءِ الحاجات و رفعِ الدرجات
دفعِ بلایا، حاجات کا پورا ہونا، درجات کا بلند ہونا،

و حَلِّ المشكلات و كشفِ الحطمات و سترِ
حلِّ مشکلات، سختیوں کا ازالہ، عیوب کی

العَورات و تأمينِ الرَّوعات و التخلُّصِ مِن
پردہ پوشی، خطروں کا ازالہ، آفات سے

الآفات و النَّجاةِ من الحوادث و المصائب و
خلاصی، مصائب سے نجات، اور

النَّجاحِ فى ترَقّي المقامات و المراتب و أن يَفتَحَ له
کامیاب ہونا منصب اور عہدہ کی ترقی پانے میں۔ اور سوال ہو اللہ تعالیٰ سے یہ

أبوابَ الفلاحِ و الفوزِ بالحظّ الاكمل و النّصيب
کہ کھول دے کامیابی کے دروازے بڑے حصے اور کامل نصیب کے حصول کے

الاجزَلِ من العزِّ الواسعِ النِّطاقِ و الشرف الممتفعِ
سلسلے میں واسع عزّت سے ، بلند و بالا شرافت

الرِّواقِ و الرَّأیِ السَّدیدِ و القبولِ الوطید و العَیشِ
سے ، صحیح رائے ، محکم قبولیت سے اور وسیع

الرَّغیدِ من الحَلالِ العَتیدِ و اَدعُو اللہَ تعالیٰ أن
مقرر حلال رزق سے ۔ اور میں اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگتا ہوں

یُنفِّس عن المواظِب علی قراءتھا و تلاوتھا کلَّ
کہ دُور کرے اس کتاب کے دائمی قاری سے دنیا

کُربۃٍ من کُرَبِ الدنیا و العقبیٰ و یُبلِّغہ فی کل
و آخرت کی ہر سختی کو۔ اور یہ دعا کہ پہنچادے اُسے ہر

ما رام الغایۃَ العلیا و الأمدَ الاقصیٰ و ان یبھّجہ
مقصود میں نہایت بلندی و منتہا تک ۔ اور یہ کہ خوش حال

بالبشریٰ فی الأولیٰ و الأخریٰ و یَھَب لہ یومَ الدِّین الفَلاحَ و
کر دے اسے بشارت سے دونوں جہانوں میں۔ اور عطا کرے اسے آخرت میں فلاح

الزیادۃَ فی الحسنیٰ ۔ ربَّنا! مِنّا الدُّعاءُ و رَجاءُ إجابۃٍ
اور ہر حسنہ میں زیادتی۔ اے اللہ! ہمارے بس میں ہے دعا اور قبولیتِ دعا

الدَّعوات و منك القبولُ و اقالۃُ العثرات و
کی امید ۔ اور آپ کے اختیار میں ہے قبولیّت اور غلطیاں معاف کرنا ۔

قد قلتَ ۔ یا ربَّنا ! انا عند ظَنِّ عبدی بی
آپنے فرمایا ہے اے اللہ! کہ میں بندے کے گمان کے پاس ہوں۔

فلیظُنَّ بی ما شاء ۔ فنحنُ یا ربَّنا ! نظُنُّ بكَ
پس اسکی مرضی ہو جو گمان کرے میرے بارے میں۔ پس ہمارا اے اللہ! آپکے بارے میں یہ ظن ہے

اَن تُجیبَ دعاءَنا و تَرحَمَنا بل نَستَیقِن انّك
کہ آپ دعا قبول کرتے ہیں اور ہم پر رحم فرماتے ہیں۔ بلکہ ہمیں یقین ہے

تقبَل الدُّعاءَ و تَعفُو عنّا و تُعافینا متوکِّلین
قبولیتِ دعاء و عفو و معافات کا۔ آپ کے احسان و حلم پر

علیٰ مَنِّك وحِلمِك و مُعتَمدین علیٰ جُودِك وكَرَمِك
توکل کرتے ہیں اور آپ کے جود و کرم پر اعتماد کرتے ہیں۔

وكيف لا نَستيقِن قبولَ الدُّعاء و فی الحدیث
اور ہمیں کس طرح قبولیت دعاء کا یقین نہ ہو جب کہ حدیث شریف

الشریف۔ ادعُوا اللهَ وانتم مُستَيقِنُون بالاجابة۔
میں ہے کہ تم اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے وقت قبولیت کا یقین رکھو۔

رواه الامام الترمذی فی الجامع ذِی العرفِ الشَّذِی
یہ حدیث امام ترمذیؒ نے اپنی کتاب جامع میں ذکر کی ہے۔

وذٰلك ببركةِ ماذُكِرتْ فی هٰذه الصَّحيفة
ان برکات کا سبب یہ ہے کہ اس صحیفہ میں مذکور ہیں

من الصَّلوات المباركات والتَّسليمات الطَّيِّبات
مبارک صلوات و تسلیمات طیبہ

والتبريكات الزَّاكيات والثناء علی النبیّ صلی الله
و تبریکات عالیہ اور نبی علیہ السلام کی ثنا و

عليه وسلم بذكر اَسمائِهِ الفائحات اِذ للصّلاةِ
مدح اُن کے معطّر اسماء کے ذریعہ۔ کیوں کہ آپ

والسّلامِ علیٰ نبيّك وحبيبك۔ يا ربَّنا!
کے نبی و حبیب علیہ السلام پر صلاۃ و سلام کے اے اللہ!

فوائدُ مَرويّةٌ فی الاحاديث لا تُحصٰی وعوائدُ
فوائد مروی ہیں احادیث میں بے شمار اور برکات

منقولةٌ فی الاخبار المصطفويّة لا تَخفٰی
منقول ہیں اخبار نبویہ میں جو کہ مخفی نہیں ہیں۔

ربّنا! اِنّك مُجيبُ الدَّعوات ورافعُ الدَّرَجات
اے اللہ! آپ ہی دعا قبول کرنے والے ہیں۔ نیز درجات بلند کرنے والے،

ومُقيلُ العَثَرات وكافی المُهِمّات وقاضِی الحاجات
